مولانا عبدالحقؒ کے حوالہ سے ملاکنڈ ایجنسی اور بٹ خیلہ کے فضلاء کا مشترکہ اجلاس مدرسہ دارالعلوم مدنیہ اماندرہ بٹ خیلہ جبکہ دوسرا اجلاس ۷رجنوری کو تیمرگرہ بازار مدرسہ معارف الشرعیہ میں منعقد ہوا جس میں دیربالا اوردیر پائین کے فضلاء اور اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ پہلے اجلاس کی میزبانی حضرت مولانا بخت منیر صاحب اور دوسرے کی میزبانی حضرت مولانا فضل اللہ صاحب نے کی۔ دارالعلوم حقانیہ کے اساتذہ اور شیوخ میں حضرت مہتمم صاحب ، مولانا انوار الحق نائب مہتمم جامعہ حقانیہ،مولانا عبدالحلیم دیربابا جی،مولانا مغفور اللہ بابا جی ،مولانا سید محمد یوسف شاہ،مولانا سیداحمد شاہ ، مولانا سعید الرحمٰن، مولانا سلمان الحق ، مولانا عرفان الحق،مولانا لقمان الحق اور صاحبزادہ اسامہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔

ضلع ہنگو میں مشاورتی اجلاس

اسی قسم کا ایک بڑا اجتماع ۱۴رفروری۲۰۱۶ء کوضلع ہنگو کے مدرسہ جامعہ فاروقیہ کوٹکی میں منعقد ہوا، جس میں ہنگو، ٹل، پاڑا چنار، صدہ کے فضلاء نے بڑی تعداد میں شرکت کی، حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی قیادت میں مذکورہ اساتذہ ومشائخ شریک ہوئے،تلامذہ وفضلاء حقانیہ کے لئے یہ تقریب عید سے کم نہیں تھی۔

دارالعلوم حقانیہ میں شعبہ ''طب یونانی'' کا اجراء

حضرت مہتمم دارالعلوم حقانیہ اور تعلیمی کمیٹی کے فیصلے کے مطابق جامعہ میں شعبہ تخصص ''اسلامی سیاسیات'' کے بعد شعبہ طب یونانی کورس کا اجراء کیا گیا ہے،جس میں دارالعلوم کے نامور فاضل اوراسلامی سیاسیات کے متخصص،ممتاز مصنف ومحقق مولانا عبدالباقی حقانی صاحب قانونچہ طب درساً پڑھا رہے ہیں۔

شعبہ ادبِ عربی کا باقاعدہ آغاز:

جامعہ حقانیہ میں بیروت لبنان کے معروف عرب عالم دین اور ادیب وصوفی شیخ محسن الرفاعی نے باقاعدہ تدریس کا آغاز کردیا ہے،اس سے قبل دوتین سال سے وہ غیررسمی تشریف لاکر کلاسیں لیتے تھے،مختلف درجات کے علاوہ بعد از نماز عشاء طلباء کیلئے عربی ادب ، کتابت وتکلم کی مستقل کلاس پڑھاتے ہیں جس سے بہت سے طلباء مستفید ہورہے ہیں۔

دعائے مغفرت کی اپیل: دارالعلوم حقانیہ کے فاضل مولانا اکرام الحق حقانی (خطیب باغ مسجد مردان) کے چچاوسسر اور مولانا قاری جلیل احمد کے والدحکیم حاجی فضل خالق زیدہ صوابی گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے دارالعلوم حقانیہ میں کے تمام اساتذہ اورشیوخ نے ان کے جنازہ میں شرکت کی۔حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے نماز جنازہ پڑھایا۔